

# ناؔصر کاظمی

پیدائش: ۱۹۲۵ء

وفات: ۱۹۷۲ء

تصانیف: برگ نے، کلیاتِ ناصر، نشاطِ خواب، پہلی بارش

**حاصلاتِ تعلُّم:** اس نظم کی تدریس کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: ۱- زمینِ شعر اور اوزانِ شعر کی شناخت کر سکیں۔ ۲- درسی کتاب میں شامل غزل کا تقابلی جائزہ تحریر کر سکیں۔

## غزل

دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا        وہ تری یاد تھی، اب یاد آیا

آج مشکل تھا سنبھلنا اے دوست!        تُو مصیبت میں عجب یاد آیا

پھر کئی لوگ نظر سے گزرے        پھر کوئی شہرِ طرب یاد آیا

حالِ دل ہم بھی سُناتے، لیکن        جب وہ رخصت ہُوا، تب یاد آیا

بیٹھ کر سایۂ گل میں ناؔصر

ہم بہت روئے وہ جب یاد آیا

(ماخوذ از: کلیاتِ ناؔصر)